26123 ـ امتحان میں نقل کر کے حاصل کردہ سند کے ذریعہ ملازمت کی تنخواہ کا حکم

سوال

جب طالب علم امتحان میں نقل کے ذریعہ پاس ہو کر سند حاصل کر لے، اور وہ شخص اس سند پر ملازمت حاصل کر کے تنخواہ لے تو کیا یہ تنخواہ حلال شمار ہو گی، (یہ علم میں رکھیں کہ اب دوبارہ امتحان نہیں دے سکتا کیونکہ کئی برس پہلے کی بات ہے اور سب کچھ بدل چکا ہے) اسے کفارہ ادا کرنے کے لیے کیا کرنا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سٹوڈنٹ جب امتحان میں نقل کرکے پاس ہو اور سند بھی حاصل کر لے اور پھر اس سند کے ذریعہ ملازمت بھی حاصل کر لے، اور اپنے کام میں کامیاب بھی ہو جائے، اور اس ملازمت اور کام کو لمبی مدت گزر جائے، تو اسے اپنے کیے پر توبہ و استغفار کرنی چاہیے، اور جو کچھ ہو چکا ہے اس پر ندامت کا اظہار کرے، اللہ تعالی اسے معاف کرے گا.

اور توبہ کرنے والا شخص ایسے ہی ہے جیسے کسی کا کوئی گناہ نہ ہو .